# Sadiq Public School

Do the right, fear no man

**Subject: Urdu** **Class: S1** **Day: Saturday /16 Nov,2024**

Lesson :

سبق کا عُنوان : نظم (برسات کی بہاریں)

1. Inquiry

1۔ طلبہ کو خاص الفاظ کے معانی اور اشعار کے مفہوم سے آگاہ کرنا؟

2۔ طلبہ کو اشعار کی تشریح سے آگاہ کرنا؟

2. Information:

☆ نظم کے اشعار کی تشریح کرتے وقت درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

☆ دورانِ تشریح اقوال، آیات، احادیث اور موزوں اشعار وغیرہ کا موقع محل کے مطابق استعمال تشریح کو مؤثر اور مدلل بنانے کے لیے معاون ثابت ہوتا ہے۔

☆ بند نمبر 5 کے مشکل الفاظ کے معانی:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| سامان | انتظام | قدرت | فطرت۔اللہ کی شان |
| ہر آن | ہر پل۔ہر لمحہ | مست | مگن |
| سبحان تیری قدرت | اللہ تعالیٰ ہی تمام تعریفوں کے لائق ہے | بدلے رنگ | رنگ کا تبدیل ہونا |
| ہر جا | ہر جگہ | ماہ | چاند |

☆ بند نمبر 5: مفہوم: اللہ نے دنیا کو حسین بنانے کے لیے کیسے کیسے سامان پیدا کر رکھے ہیں۔لمحہ لمحہ قدرت دنیا کے تبدیل کر رہی ہے۔ان خوب صورت نظاروں کو دیکھ کر سب اللہ کی حمد وثنا میں مصروف ہو گئے ہیں۔تیتر بھی اپنی تسبیح میں سبحان اللہ پڑھ رہے ہیں۔یہ سب برسات کی کرشمہ سازیاں ہیں۔

تشریح:

تشریح طلب بند کے پہلے مصرع میں شاعر موسم برسات کی کیفیت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اے اللہ! تیری کس کس قدرت کا تذکرہ کروں، تو نے اس کا ئنات کو خوب صورتی عطا کی ہے کہ انسانی قوت بیان سے باہر ہے۔یہ برسات کی رنگیلی رت ،سیاہی مائل بادل جو آسمان پر شوخیاں بھرتے، ناچتے پھرتے ہیں۔باغوں میں مست خرام ہواؤں کے ساتھ سبزے کی لہلہاہٹ تو نے انسان کی خوشی کے لیے کیا کیا سامان پیدا کیے ہیں ، انسان کرشمہ قدرت کو دیکھ کر سوائے حیرت کے کچھ نہیں کر سکتا۔

قرآن مجید میں ہے کہ:

"اور اللہ وہی ہے جس نے آسمان سے تمھارے( فائدے کے) لیے پانی نازل کیا ، اس میں سے (تم) پیتے ہو اور اس سے درخت ہوتے ہیں جن میں (تم اپنے جانوروں کو) چراتے ہو"۔(النحل - آیت نمبر ۱۰)

دوسرے مصرع میں شاعر کہتے ہیں کہ برسات کے نظاروں نے لمحہ بہ لمحہ فطرت کے نظاروں کو تبدیل کر رکھا ہے۔ایک وقت میں ایک جگہ کوڑے کرکٹ کا ڈھیر ہوتا ہے اور دوسرے وقت میں گلزار بن جاتا ہے۔انسان ان منظروں میں گم کھڑا حیرت کی نظروں سے انھیں دیکھ رہا ہے۔

۔دلوں کو معرفت کے نور سے تو نے کیا روشن دکھایا بے نشاں ہو کر ہمیں اپنا نشاں تو نے

تیسرے مصرع میں شاعرکہتے ہیں کہ کائنات کی ہرچیز اللہ کے گن گانے میں مصروف ہے اوراس کی محبت کے نشے میں مست ہوتی جاتی ہے۔دراصل شاعرنے فطرت کے حسن کوبے نقاب کرکے انسانی فطرت کے قریب ترکر دیا ہے۔جہاں برسات کی ٹھنڈک سے پورا باغ نشوونما پارہا ہے، وہاں پرندوں نے بھی خوشی کے گیت گانے شروع کردیے ہیں اوراپنے اپنے اندازمیں خوشی وسرمستی میں اللہ تعالٰی کا شکرادا کررہے ہیں۔

عروج نشہ نشوونما میں ڈالیاں جھومیں　　　ترانے گائے مرغان چمن نے شاداں ہوکر

چوتھے مصرع میں شاعرکہتے ہیں کہ انسان تو انسان تیترجیسا کمزورپرندہ بھی اپنی زبان پرسبحان اللہ کا ترانہ سجائے ہوئے ہے اور اللہ کی حمدوثنا کواپنے اندازمیں پیش کرنے میں مصروف ہے۔

پانچواں مصرع جواس نظم کا ٹیپ کا مصرع ہے، اس میں شاعراپنے دوستوں سے مخاطب ہوکرکہتا ہے کہ اے یارو!برسات کے موسم کے نظارے نہایت با کمال ہیں۔چاروں طرف برسات کی بہاریں دلوں کولبھا رہی ہوتی ہیں۔

## 3. Synthesizing/ absorbing the information :

- ☆ نظیراکبرآبادی کی نظم کے اس کی بند تشریح کو غورسے پڑھیں اوراسی طریقہ کے مطابق خود تشریح کریں۔
- ☆ اس بند کے مفہوم کوذہن نشین کریں تاکہ آپ آسانی سے تشریح کرسکیں۔

## 4. Practising:

- ☆ نظم کے اس بند کی تشریح اپنی نوٹ بک پر تحریر کریں۔تشریح میں کم ازکم ایک یادوحوالہ جاتی شعر ضروراستعمال کریں۔
- ☆ تشریح کرتے وقت اوپر دی گئی ہدایات کو مدِ نظر رکھیں۔

## 5- Feedback:

- ☆ اپنی نوٹ بک پر تشریح کرتے ہوئے آپ کے ذہن میں کوئی اوراہم سوال ہوتو اپنے سیکشن کے اردو کے استاد کے ای میل ایڈریس پر بھیجیں۔

| Class | Teachers' Names | Teachers' Abbreviations | Teachers' Email Addresses | Instructions |
|---|---|---|---|---|
| S1A | Muhammad Ghazanfar | MG | ghazanfar786421@gmail.com | S1A students will send their home assignments to their subject teacher (MG) for checking and getting feedback. |
| S1B | Hafiz Ahmad Raza | ARM | ahmed2010raza@yahoo.com | S1B students will send their home assignments to their subject teacher (ARM) for checking and getting feedback. |
| S1C | Javed Sattar | JS | javeedkhankpr@gmail.com | S1C students will send their home assignments to their subject teacher (JS) for checking and getting feedback. |
| S1GA | Rana Maheen Ahmad | RMA | maheenahmad875@gmail.com | S1GA students will send their home assignments to their subject teacher (RMA) for checking and getting feedback. |
| S1GB | Afifa Hashmi | ARH | afifaraufhashmi@gmail.com | S1GB students will send their home assignments to their subject teacher (ARH) for checking and getting feedback. |